© rasailojaraid.com

(ادارہ)

# فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب کہتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا:

''جب میری امت میں چودہ خصلتیں پیدا ہوں تو اس پر مصیبتیں نازل ہونا شروع ہو جائیں گی۔'' دریافت کیا گیا: ''یارسول اللہ! وہ کیا ہیں؟'' فرمایا:

۱) جب سرکاری مال ذاتی ملکیت بنالیا جائے۔
۲) امانت کو مالِ غنیمت سمجھا جائے۔
۳) زکوٰۃ جرمانہ محسوس ہونے لگے۔
۴) شوہر بیوی کا مطیع ہو جائے۔
۵) بیٹا ماں کا نافرمان ہو جائے۔
۶) آدمی دوستوں سے بھلائی کرے اور باپ پر ظلم ڈھائے۔
۷) مساجد میں شور مچایا جائے۔
۸) قوم کا ذلیل ترین آدمی اس کا سربراہ ہو جائے۔
۹) آدمی کی عزت اس کی برائی کے ڈر سے ہونے لگے۔
۱۰) نشہ آور اشیاء کھلم کھلا استعمال کی جائیں۔
۱۱) مرد آبریشم پہنیں۔
۱۲) آلاتِ موسیقی کو اختیار کیا جائے۔
۱۳) رقص و سرود کی محفلیں سجائی جائیں۔
۱۴) اس وقت کے لوگ اگلوں پر لعن طعن کرنے لگیں۔

تو لوگوں کو چاہیے کہ پھر وہ ہر وقت عذابِ الٰہی کے منتظر رہیں، خواہ سرخ آندھی کی شکل میں آئے یا زلزلے کی شکل میں یا اصحاب سبت کی طرح صورتیں مسخ ہونے کی شکل میں۔

(ترمذی۔ باب علامات الساعۃ)


© rasailojaraid.com